GRADE VIII MODEL PAPER 2017
HISTORY

MCQs Paper Key

S. No.	Key
1	C
2	B
3	C
4	B
5	C
6	B
7	C
8	D
9	B
10	C
11	A
12	C
13	A
14	A
15	C
16	C
17	C
18	B
19	C
20	A

HISTORY
CRQ/ERQ Paper Marking Scheme

CRQs

سوال نمبر:1	3نمبر

ایسٹ انڈیا کمپنی سے اقتدار منتقل کرنے کے لیے کونسا ایکٹ لاگو کیا گیا اور اس ایکٹ سے اقتدار کس طرح منتقل ہوا؟

Possible answers:

قانون حکومتِ ہند 1858

i. ہندوستان پر ایسٹ انڈیا کمپنی کا قبضہ ختم کر کے تمام اختیارات تاجِ برطانیہ کو دیئے گئے۔

ii. تاجِ برطانیہ نے ہندوستان کے لئے گورنر جنرل مقرر کیا جسے وائسرائے بھی کہا جاتا تھا۔

Checking hints:

ایکٹ کا نام لکھنے پر 1 نمبر

اقتدار کی منتقلی کیلیئے ایک نکتہ لکھنے پر ایک نمبر (دو مطلوب ہیں)

ٹوٹل: 3 نمبر

سوال نمبر:2	4نمبر

سر سید احمد خان کی انگریزوں اور مسلمانوں کے درمیان غلط فہمیاں ختم کرنے کی خواہش کیوں تھی؟ چار نکات تحریر کریں۔

Possible answers:

- ہندوستان کی دیگر اقوام ان کے اختلافات سے فائدہ نہ اٹھا سکیں۔
- مسلمان بھی ہندوؤں کی طرح انگریزی تعلیم سے آراستہ ہو کر جدید دور کے تقاضوں کا مقابلہ کر سکیں۔
- خطے (ہندوستان) میں تعصب کو پروان نہ چڑھنے دیں۔
- 1857 کی جنگ کی طرح ایک اور جنگ کے خطرے کے امکانات کو ختم کریں۔

Checking hints:

ہر ایک نکتہ کا 1 نمبر (4 مطلوب ہیں)

ٹوٹل: 4 نمبر

سوال نمبر3:	3نمبر

شملہ وفد وائسرائے ہند سے کب ملا؟ پاک وہند کے مسلمانوں کو کن دو سیاسی مشکلات نے شملہ وفد کے لئے مجبور کیا؟

Possible answers:

یکم اکتوبر1906

- ہندوستان میں مخلوط طرز انتخاب
- مسلمانوں کو تاریخی اور سیاسی حیثیت کی بناء پر کم سے کم نمائندگی۔

Checking hints:

شملہ وفد کی تاریخ کے لئے 1نمبر

ہر سیاسی مشکل لکھنے کے لئے 1نمبر (2مطلوب ہیں)

ٹوٹل: 3نمبر

سوال نمبر4:	4نمبر

1937 کے انتخابات کے بعد مولانا ابوالکلام آزاد نے کانگریس کی طرف سے چوہدری خلیق الزمان کو مشترکہ حکومت کے لئے جو شرائط پیش کیں وہ مسلم لیگ کے لئے قابل قبول نہیں تھیں۔ان میں سے کوئی چار شرائط لکھیں۔

Possible answers:

(الف) کیونکہ ان شرائط کے مطابق مسلم لیگ کو UPاسمبلی سے اپنا گروپ ختم کرنا تھا۔

(ب) مسلم لیگی اراکین کو کانگریس میں شامل ہونا تھا۔

(ج) مسلم لیگی اراکین کو کانگریس پارٹی کی ہدایات پر عمل کرنا تھا۔

(د) مسلم لیگ کے پارلیمانی بورڈ کو ختم کرنا تھا۔

Checking hints:

ہر شرط لکھنے پر 1نمبر ہے (4مطلوب ہیں)

ٹوٹل: 4نمبر

سوال نمبر5:	3نمبر

تین جون کے منصوبے پر عمل کرنے کے لئے برطانوی وزیراعظم نے ہندوستان میں کونسی اہم تبدیلی کی اور تقسیم ہند کا عمل کس طرح آگے بڑھایا؟

Possible answers:

وزیراعظم برطانیہ نے لارڈ ماؤنٹ بیٹن کو وائسرائے ہند مقرر کیا۔

(i) وائسرائے کی کانگریس اور مسلم لیگ سے ملاقاتیں۔

(ii) وائسرائے ہند کے مشیر وی پی مینن نے تقسیم ہند کا پلان تیار کیا۔

Checking hints:

اہم تبدیلی لکھنے پر 1 نمبر

تقسیم کا عمل آگے بڑھنے کے متعلق ہر نکتہ لکھنے پر 1 نمبر (2 مطلوب ہیں)

ٹوٹل: 3 نمبر

سوال نمبر 6:	3 نمبر

عام انتخابات (46-1945) نے ہندوستان کی تاریخ میں جو تبدیلیاں نمایاں کیں اُن کو تین نکات میں تحریر کریں۔

Possible answers:

(i) کانگریس نے ہندو اکثریتی علاقوں میں کامیابی حاصل کی

(ii) مسلم لیگ نے مسلم اکثریتی علاقوں میں کامیابی حاصل کی

(iii) مسلم لیگ مسلمانوں کی نمائندہ جماعت بن کر ابھری جس کی وجہ سے پاکستان کی آزادی کی راہ ہموار ہوئی۔

Checking hints:

ہر نکتہ لکھنے کا 1 نمبر (3 مطلوب ہیں)

ٹوٹل: 3 نمبر

ERQs

سوال نمبر 7:	5 نمبر

قراردادِ پاکستان کب منظور ہوئی؟ قائدِاعظمؒ کی صدارتی تقریر کی روشنی میں ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان تین فرق بتائیں اور یہ بھی بتائیں کہ قائدِاعظم نے کیا حل پیش کیا۔

Possible answers:

قرارداد پاکستان 23 مارچ 1940 کو منظور ہوئی۔

فرق: (الف) یہ دونوں الگ قومیں ہیں۔ (ب) مختلف مذاہب ہیں۔

(ج) تہذیبیں الگ الگ ہیں۔ (د) تاریخ مختلف ہے۔ (ہ) ہیرو اور ولن الگ ہیں۔

قائدِاعظمؒ کا تجویز کردہ حل۔ مسلمانوں کا الگ وطن ہونا چاہیے۔

Checking hints:

قرارداد پاکستان کی تاریخ لکھنے پر 1 نمبر

ہر فرق لکھنے پر 1 نمبر (3 مطلوب ہیں)

قائدِاعظم کا تجویز کردہ حل لکھنے پر 1 نمبر

ٹوٹل: 5 نمبر

سوال نمبر8:	5 نمبر

نہرو رپورٹ کب پیش کی گئی؟ اس رپورٹ کے ایسے چار نکات تحریر کریں جن میں مسلمانوں کے مطالبات کو نظر انداز کیا گیا تھا۔

Possible answers:

نہرو رپورٹ پیش کرنے کی تاریخ اگست 1928۔

نکات

۱۔ جداگانہ طریقہ انتخاب کا خاتمہ کیا جائے۔

۲۔ ہندی کو قومی زبان کا درجہ دیا جائے۔

۳۔ وفاقی مقننہ میں مسلمانوں کو ایک چوتھائی نمائندگی دی جائے۔

۴۔ وفاقی کابینہ میں بھی مسلمانوں کو ایک چوتھائی نمائندگی دی جائے۔

Checking hints:

تاریخ لکھنے کا ا نمبر

ہر نکتہ لکھنے کا ا نمبر (4 مطلوب ہیں)

ٹوٹل: 5 نمبر